الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 30 مارچ 2022

بلدیاتی الیکشن پہلا مرحلہ خیبر پختونخوا لوکل کونسل گنڈیری خٹک تحصیل نصرتی میانکہ بانڈہ ضلع کرک میں منعقد ہونے والے الیکشن میں بے ضابطگی پر الیکشن کمیشن نے اپنا فیصلہ سنا دیا اور ریٹرننگ آفیسر مہران الیاس کو فوری طور پر معطل کر کے انکوائری کا حکم جاری کر دیا۔

تفصیلات کے مطابق درخواست گزار یوسف خان کی طرف سے الیکشن کمیشن میں ریٹرننگ آفیسر کرک مہران الیاس کے خلاف ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی اور انتخابی نتائج میں ردو بدل کرنے کے حوالے سے دائر کردہ پٹیشن پر فیصلہ سنایا گیا۔

الیکشن کمیشن کے 2 رکنی بینچ نے اس ضمن میں صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی اور 30 دن کے اندر رپورٹ پیش کرنے ہدایت جاری کی۔

انکوائری کمیٹی ریٹرننگ آفیسر کرک کے خلاف ساز باز / فارم میں جعلسازی کے الزامات میں اس کے کردار کا تعین کرے گی ساتھ ہی انضباطی و فوجداری کارروائی کے حوالے سے سفارشات دے گی اس کے علاوہ ریٹرننگ آفیسر کا کردار مشکوک ہونے کے باعث اس کو بطور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر معطل کر دیا گیا اور الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن برائے تعیناتی ریٹرننگ آفیسر بھی واپس لینے کا حکم دے دیا گیا ہے۔